یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس سوالنامہ کو کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے

Tear here

# C

SL. No : Q

# CCE PR REVISED

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 54 ]
Total No. of Questions : 54 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2018 ] [ Date : 28. 06. 2018

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. ماہرِ ریاضی دان کون تھا ؟

2. ٹوکیو کے ہوائی اڈّہ کا نام کیا ہے ؟

3. والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہؔر کی عمر کیا تھی ؟

4. شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟

5. راموکس غرض سے مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ گیا ؟

6. مصنف کے دوست نے خوشخبری سنانے کے لئے کس بات کا وعدہ لیا ؟

7. غول بیابانی نے ایسا کیوں کہا کہ اندھیرے میں آنے والے لوگ اِن کے بھائی بندھو ہیں ؟

8. سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں ؟

9. پیغامِ یک جہتی میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے ؟

10. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کس طرح منایا جاتا ہے ؟

11. کلبرگی کا قدیم نام کیا ہے ؟

12. مائکروایلکٹرانکس میں ''نانو اشیاء'' کی کیا اہمیت ہے ؟

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے : 11 × 2 = 22

13. کوئی سستی شئے انمول شئے کب اور کیسے بنتی ہے ؟

14. سر ایم وشویشورّیا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟

15. افسر بالا نے مصنف کو جب جاپان بھیجنے کی بات کہی تو مصنف نے کیا جواب دیا ؟

16. ملاّ نصیر الدین اپنے عَالم دوست کو کس طرح ''بے وقوف گدھا'' قرار دیا ؟

17. سلیمان خطیب کے بارے میں مصنف نے کہا کہ وہ کسی کی تعریف پر کمر بستہ ہو جائیں تو اسے آسمان پر اُٹھالیں گے۔اس جملے کی وضاحت کیجیے۔

18. حضور اکرم ﷺ جب حرم پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

19. ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟

20. شاعر سید احمد شاکرؔ کے نزدیک وہ کون سی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

21. اکبرؔ الٰہ آبادی کو کسی بات کی پرواہ اور کسی بات کا لالچ کیوں نہ رہا ؟

22. گول میز کانفرس میں مولانا محمد علی جوہرؔ نے کیا تقریر فرمائی ؟

23. شعروشاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھیے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجیے :

24. ''کتنا لمبا چوڑا ہوگا ؟''

25. ''کوئی دن کوئی گھڑی از خود نجس نہیں ہوتی۔ ہمارے اعمال اسے اچھا یا بُرا بناتے ہیں۔''

26. ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے :

27. ہم وہاں ہیں، جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

28. جنوں نے تماشا بنایا ہمیں
رہا دیکھ اپنا پرایا ہمیں

29. یاروں کی محبت کا یقین کر لیا میں نے
پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

کسی **ایک** کا تعارف لکھئے :

30. (i) ڈاکٹر وحید انجمؔ (ii) مولانا الطاف حسین حالیؔ

درج ذیل میں سے کسی **ایک** کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے :

31. (i) وہاب عندلیب (ii) مرزا غالبؔ

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 1 × 4 = 4

32. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

**یا**

کلبرگی کی اہم عمارتوں پر مختصر نوٹ لکھئے۔

کسی ایک نظم کے ابتدائی **چار** اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے : 1 × 4 = 4

33. مولانا حالیؔ کی 'حمد' یا مولانا حمادؔ کی 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15

34. لفظ ''خوش نما'' کی ضد ہے۔

A) بدصورت B) بدنما

C) جوش نما D) خوبصورت

35. وہ حروف جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اِظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں۔

A) حروفِ فجائیہ B) حروفِ ربط

C) حروفِ عطف D) حروفِ تخصیص

36. لفظ ''جسم'' کی جمع ہے۔

A) اقسام B) اجسام

C) اجزاء D) جُز

37. مضمون کا پہلا حصّہ ہوتا ہے۔

A) توحید B) واحد

C) تمہید D) جدید

38. محاورہ ''پانی سر سے اونچا ہونا'' کا مطلب ہے۔

A) حالات بدلنا B) حالات قابو سے باہر ہونا

C) حالات قابو میں آنا D) حالات قائم رہنا

39. ان میں سے واحد لفظ ہے۔

A) شعراً B) تصاویر

C) منزل D) اساتذہ

40. وہ الفاظ جو دو لفظوں 'یا' دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔

A) حروفِ ربط B) حروفِ عطف

C) حروفِ فجائیہ D) حروفِ علت

41. صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں۔

A) دو B) چار

C) چھ D) آٹھ

42. غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

A) مقطع B) بیت الغزل

C) حسنِ مطلع D) مطلع

43. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی ومطلب نکلتا ہو۔

A) حروف　　B) لفظ

C) جملہ　　D) املا

44. رباعی اس عربی لفظ سے مشتق ہے۔

A) ربع　　B) روباب

C) عرب　　D) مربع

45. یہ وہ کلمہ ہے جو خود معنی دیتا ہو۔

A) غیر مستقل کلمہ　　B) مستقل کلمہ

C) فعل　　D) ضمیر

46. ''سائل کو اپنے در سے نہ لوٹاؤ'' اس جملہ میں علامتِ مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

A) کو، سے　　B) اپنے

C) در، نہ　　D) سائل، لوٹاؤ

47. اِن میں سے مرکب لفظ ہے۔

A) خیر مقدم　　B) علم

C) مسجد　　D) معمولی

48. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔

A) حُسن مطلع　　B) مقطع

C) مطلع　　D) بیت الغزل

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :　　2 × 2 = 4

49. مفرد جملہ کسے کہتے ہیں ؟ مفرد جملے کی مثال دیجئے۔

50. مرکب جملہ کیسے بنتا ہے ؟ مرکب جملہ کی مثال دیجئے۔

## PART-C/حصّہ-ج

.51 درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

(i Jawaharlal Nehru was the first Prime Minister of India.

(ii Discovery of India is written by Jawaharlal Nehru.

(iii Indira Gandhi was the daughter of Jawaharlal Nehru.

.52 اپنے والِد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی فیس چار سو روپئے ادا کرنے کا ذکر ہو۔ 1 × 4 = 4

**یا**

اپنے اسکول کے میر مُعلم کے نام خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ (.T.C) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔

.53 کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) میرا پسندیدہ کھیل

(ii) ماحول کی آلودگی

(iii) جہیز ایک لعنت

.54 درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

مولانا محمد اسمٰعیل میرٹھی 12 فروری 1844 کو بمقام میرٹھ پیدا ہوئے۔ 1899ء میں وظیفہ یاب ہوکر بقیہ عمر تصنیف و تالیف میں صرف کر دی۔ مولانا صاحب ایک اچھے شاعر اور کامیاب نثر نگار بھی تھے۔ شاعری میں طرز جدید اور طرزِ قدیم دونوں پائے جاتے ہیں۔ اِن کی ادبی خدمات اور قابلیت کے صلہ میں انہیں سرکار نے خان صاحب کے خطاب سے نوازا۔ یکم نومبر 1917ء کو اس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔

سوالات :

(i) مولانا محمد اِسمٰعیل میرٹھی کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) وظیفہ یاب ہوکر مولانا محمد اسمٰعیل نے کیا کیا ؟

(iii) سرکار نے انہیں کس خطاب سے نوازا ؟

(iv) مولانا محمد اسمٰعیل کا انتقال کب ہوا ؟